سوال

کیا یہ گروہ ہمیشہ کے جہنمی ہیں ؟

جواب

کیا خوارج کافر ہیں ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا خوارج کافر ہیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ارسلان بھائی ایک میل میں صرف ایک ہی سوال کیا کریں ، اور دیگر ساتھیوں کے سوالوں کا بھی دھیان رکھا کریں ۔ اسی لئے ہم نے آپ کے صرف ایک ہی سوال کا جواب دیا ہے ۔ شیخ ابن باز اس سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگرچہ جمہور اہل علم کے نزدیک خوارج نافرمان ، بدعتی اور گمراہ ہیں ۔ وہ ان کی تکفیر نہیں کرتے ہیں ۔ لیکن درست یہ ہے کہ وہ کافر ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں ۔ کیونکہ نبی کریم نے فرمایا ہے ۔ (یمرقون من الإسلام کما یمرق السھم من الرمیۃ) (بخاری : 5057) وہ دین اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے ، جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی